بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

نماز عید کے مسائل (احادیث کی روشنی میں)

عیدالفطر کیلئے جانے سے پہلے کوئی میٹھی چیز کھانا سنت ہے:۔

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ عیدالفطر کے دن کھجوریں کھائے بغیر عیدگاہ کی طرف نہیں جاتے تھے اور نبی اکرم ﷺ کھجوریں طاق کھاتے تھے''۔ (صحیح بخاری)

نماز عید کیلئے پیدل جانا اور واپس آنا سنت ہے:۔

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ عیدگاہ پیدل جاتے اور پیدل تشریف لاتے''۔ (سنن ابن ماجہ)

عیدگاہ جانے اور آنے کا راستہ بدلنا سنت ہے:۔

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ عید کے دن عیدگاہ میں آنے جانے کا راستہ تبدیل فرمایا کرتے تھے''۔(صحیح بخاری)

نماز عید کیلئے اذان ہے نہ اقامت:۔

''حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کیساتھ دو مرتبہ نہیں کئی مرتبہ عیدین کی نماز اذان اور اقامت کے بغیر پڑھی''۔ (صحیح مسلم)

عیدین کی نماز میں پہلے نماز اور پھر خطبہ دینا مسنون ہے:۔

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نمازیں عیدین خطبہ سے پہلے ادا فرماتے تھے''۔ (صحیح بخاری ،صحیح مسلم)

نماز عید سے پہلے یا بعد کوئی (نفل یا سنت) نماز نہیں:۔

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ عیدالاضحیٰ یا عیدالفطر کے روز (گھر سے نکلے) دو رکعت نمازیں عید ادا فرمائی اور اس سے پہلے یا بعد کوئی نماز نہیں پڑھی''۔ (صحیح مسلم)

عیدین کی نماز تاخیر سے پڑھنا ناپسندیدہ ہے:۔

''حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ خود عیدالفطر یا عیدالاضحیٰ کی نماز کیلئے لوگوں کیساتھ عیدگاہ روانہ ہوئے تو امام کے دیر کرنے پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا اور فرمایا ہم تو اس وقت نماز پڑھ کر فارغ بھی ہو جایا کرتے تھے اور وہ اشراق کا وقت تھا''۔(سنن ابوداؤد ، سنن ابن ماجہ)

عیدالفطر کی نماز کیلئے جانے سے قبل اور عیدالاضحیٰ کی نماز پڑھنے کے بعد کوئی چیز کھانا سنت ہے:۔

''حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ عیدالفطر کے موقع پر نماز کیلئے جانے سے پہلے ضرور کچھ کھا لیا کرتے اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر نماز عید پڑھنے سے پہلے کوئی چیز نہیں کھایا کرتے تھے''۔ (جامع ترمذی)

آئندہ سلائیڈز حاصل کرنے کیلئے ای میل کریں :۔ subscribe@islamic-portal.net

قرآن واحادیث کی تعلیمات کو تمام انسانوں تک پہنچانے میں ہمارا ساتھ دیں۔ جزاك الله www.islamic-portal.net